02/04/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **مشاہد حسین**

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کی تیز تر بدلتی ہوئی توقعات ایک ایسے حکمرانی ماڈل کا تقاضہ کرتی ہیں جو نہ صرف موثر ہو بلکہ شہریوں کی ضروریات کے عین مطابق کام سے ایک ویڈیو پیغام کے ذریعے خطاب Sapta 2026 کرتا ہو ۔ نئی دلی میں آج کرم یوگی سادھنا کے منتر سے Nagrik Devo Bhavaکرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ آج کا حکمرانی نظام ترغیب حاصل کر رہا ہے ۔

-----BYTE-----

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کشمیر میں منشیات کی بدعت کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے ۔ لوک بھون جموں میں کل ڈپٹی کمشنروں ، ایس ایس پیز اور سول و پولیس انتظامیہ کے اعلیٰ افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران ایل جی نے کہا کہ منشیات کے نیٹ ورک کو ختم کرنے کے لئے سخت قوانین وضع کرنے ، موثر حکمت عملی اختیار کئے جانے نیز بیداری پروگراموں کا وسیع پیمانے پر انعقاد کیا جانا چاہئے ۔

میٹنگ میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو ، ڈائریکٹر جنرل پولیس نلن پربھات اور کئی دیگر افسران بھی موجود تھے ۔

SKUAST

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں زرعی سیکٹر میں مثبت تبدیلی لانے کیلئے سکاسٹ جموں اور انٹرنیشنل فوڈ پالیسی ریسرچ انسٹیچوٹ کے درمیان اشتراک سے جڑے امور پر تبادلہ خیال کیا۔

میٹنگ میں بتایا گیا کہ سکاسٹ جموں میں مذکورہ ریسرچ انسٹیچوٹ کے اشتراک سے فوڈ پالیسی اور مشن یووا جیسے JKCIP، HADPسینٹرقائم کیا جائے گا۔ اس موقعے پر Data Analytics اینڈ بڑی سکیموں اور ترقیاتی پروگراموں کی عمل آوری پر تبادلہ خیال کیا گیا تاکہ کسانوں کی آمدن میں اضافہ، نوجوانوں اور خواتین کی با اختیاری کے علاوہ روزگار کے مواقعے پیدا کرنے کے لئے شمولیاتی ، اقتصادی اور سماجی ترقی کے اہداف کو حاصل کیا جا سکے ۔

ستیش شرما

کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے نوجوانوں کو با اختیار بنانے کے لئے حکومت کے عزم کو دہرایا ہے ۔ جموں میں کھیل کود محکمے کی ایک میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر میں نوجوانوں سے جُڑی سرگرمیوں اور سپورٹس کیلنڈر کو موثر طریقے پر عملایا جانا چاہئے ۔ انہوں نے کہا کہ کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے نیز ملازمین کے مسائل کو حل کرانے کے لئے سبھی موثر اقدامات کئے جائیں گے ۔

YSS

کمشنر سیکرٹری یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس ڈاکٹر شاہد اقبال نے جموں کشمیر میں کھیلوں سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو بڑھاوا دینے اور کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور ابھارنے کے لئے کنونشن سینٹر جموں میں دو روزہ ورکشاپ کا افتتاح کیا ۔ انہوں نے شرکاءپر زور دیا کہ وہ جموں کشمیر میں کھیل سرگرمیوں کی موثر عمل آوری کے لئے اس ورکشاپ سے بھر پور استفادہ کریں ۔ اس موقعہ پر یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس کی ڈائریکٹر جنرل انورادھا گُپتا بھی موجود تھیں ۔

پاسپورٹ

ریجنل پاسپورٹ آفیسر کشمیر B.S.Rawat نے کہا ہے کہ لوگوں کو پاسپورٹ کی فراہمی سے متعلق سہولیات دستیاب کرانے کیلئے نتیجہ خیز اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔کاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ ایک خصوصی بات چیت کے دوران انہوں نے کہاکہ یہ خدمات لوگوں کی دہلیز تک پہنچانے کیلئے مختلف اضلاع میں خصوصی پاسپورٹ سیوا کیندر قائم کئے گئے ہیں۔انہوں نے مذکورہ دفتر سے رابطہ قائم کرنے سے متعلق ہیلپ لائن کے بارے میں کہا ۔

............Rawat............

سٹیٹ الیکشن کمشنر

جموں کشمیر سٹیٹ الیکشن کمشنر شانت منو نے جموں میں الیکٹورل رجسٹریشن افسروں ، اسسٹنٹ رجسٹریشن افسروں اور پنچایت بلاک الیکٹورل افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران پنچایت چناو رولز 2026 کی ، جاری نظر ثانی کے عمل کا جائزہ لیا ۔ الیکشن کمشنر نے فیلڈ عملے پر زور دیا کہ وہ گھر گھر جا کر اس بات کو یقینی بنائیں کہ یکم اپریل 2026 کو 18 برس کی عمر پانے والے تمام اہل ووٹروں کا پنچایتی چناو فہرستوں میں اندراج ہو ۔

SSCL

سرینگر سمارٹ سٹی لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر فضل الحسیب نے لالچو ک علاقے کا دورہ کر کے وہاں پر تاجروں کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا ۔اس دوران انہوں نے تاجروں اور دکانداروں کے ساتھ بات چیت کر کے علاقے میں بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے اور دیگر مسائل کو حل کرنے کی یقین دہانی کی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****